نقد و نظر

2

اس شمارہ میں محمود احمد غازی صاحب نے سوانح اقبال کے ماخذ کا ایک تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے یہ مختصر مضمون ایک خاکہ ہے جس میں نہ تو علامہ اقبالؒ کے بارے میں تمام ماخذ کا احاطہ کیا جا سکا ہے اور نہ مختلف مصنفین کی فکری صلاحیتوں نظری کوتاہیوں اور فرقہ وارانہ لغزشوں کے بارے میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ مختلف مصنفین علامہ اقبال کو ذاتی یا جماعتی مفاد پرستی کے لیے اپنا ہم خیال ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حالانکہ مختلف رنگوں کی عینکوں سے دیکھنے دکھانے کی بجائے علامہ اقبالؒ کو ان کے اصلی رنگ میں دیکھنا چاہیئے۔ ان کا اصلی رنگ، اسلامی رنگ ہے، اللہ کا رنگ ہے (صبغۃ اللہ) وہ نہ کمیونسٹ تھے نہ سوشلسٹ نہ مرزائی، نہ تبرائی، نہ اہل قرآن، نہ کسی قسم کے فرقہ پرست، وہ اسلام کے لیے جیئے اُسی کے لیے زندگی بھر کوشاں رہے۔ انہوں نے مسلمانانِ ہند کے لیے ایک علیحدہ وطن کی ضرورت کا احساس وماحول پیدا کرنے کے لیے نہ صرف خود کوشش کی، بلکہ قائداعظم محمد علی جناح جیسے عظیم المرتبت رہنما کو اس ضرورت کا بھرپور احساس دلایا اور آمادۂ خدمت کیا۔ ۸ نومبر ۱۹۷۶ء کو یوم اقبال منانے کے سلسلے میں لاہور میں ایک جلسہ میں جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے بتایا کہ حضرت علامہؒ نے اپنے ایک جرمن جغرافیہ دان دوست کو جرمنی سے لاہور بلا کر اپنے ہاں کئی ماہ اس لیے رکھا کہ وہ انہیں ایسے نقشے بنا کر دے۔ جن سے ہندوستان میں مسلمان اکثریت کے علاقوں کی واضح نشاندہی ہو۔ موجودہ پاکستان اور مشرقی پاکستان کے علاقے بھی ان نقشوں میں شامل تھے علامہ اقبال محض ایک نغزگو شاعر ہی نہ تھے وہ ایک صحیح العقیدہ مسلمان بلند پایہ تاریخ دان، عظیم عالم، مفکر، فلسفی، سیاسی رہنما تھے۔ جنہوں نے اپنے ذاتی آرام و راحت کو قوم کی خاطر قربان کر دیا۔ انہوں نے پاکستان کے حصول کے لیے نظری فکری بنیاد مہیا کی، اور قائداعظم نے اسی بنیاد پر عملی طور پر مسلمانان ہند کے تعاون سے پاکستان حاصل کر دکھایا۔

یہ ضرورت اس امر کی ہے کہ علامہ اقبال کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بکثرت لکھا جائے۔ لیکن اس بات کی احتیاط کی جائے کہ لکھنے والے صحیح العقیدہ قومی درد رکھنے والے صاحب دل مسلمان ہوں، نہ کہ بدباطن، کور ذوق، کینہ پرداز، مطلب پرست مضمون نگار جو علم کے پردے میں جہالت کا پرچار کریں۔ اور علامہ اقبال کی شخصیت کے روشن پہلو اجاگر کرنے کی بجائے، اپنی افسانہ طرازیوں سے جھوٹی کتابوں کے پلندے اور افتراپردازیوں کے طومار تیار کرتے پھریں۔

❋